وزیراعظم کی متحدہ عرب امارات کے صدر سے ملاقات

15جولائی 2023

وزیر اعظم نریندر مودی نے 15 جولائی 2023 کو ابوظہبی میں متحدہ عرب امارات کے صدر اور ابوظہبی کے حکمران شیخ محمد بن زاید آل نہیان سے وفود کی سطح پر ملاقات نیز نیز انفرادی بات چیت کی۔

2۔ دونوں رہنماؤں نے تجارت اور سرمایہ کاری، فن ٹیک، توانائی، قابل تجدید ذرائع، ماحولیات سے متعلق کارروائی، اعلیٰ تعلیم اور عوام سے عوام کے تعلقات سمیت دوطرفہ شراکت کے مختلف جہتوں کا احاطہ کرتے ہوئے وسیع پیمانے پر بات چیت کی۔ بات چیت میں علاقائی اور عالمی مسائل کا بھی احاطہ کیا گیا۔

3۔ دونوں رہنماؤں نے تین اہم دستاویزات کے تبادلے کا مشاہدہ کیا:

سرحد پار لین دین کے لیے مقامی کرنسیوں (INR - AED) کے استعمال کو فروغ دینے کے لیے ایک فریم ورک کے قیام کے لیے RBI اور UAE سنٹرل بینک کے درمیان مفاہمت نامے

RBIاور UAE سنٹرل بینک کے درمیان ان کی ادائیگی اور پیغام رسانی کے نظام کو آپس میں جوڑنے پر باہمی تعاون کے لیے مفاہمت نامے

ابوظہبی میں آئی آئی ٹی دہلی کے قیام کی منصوبہ بندی کے لیے ہندوستان کی وزارت تعلیم، اور ابوظہبی کے محکمہ تعلیم اور علم، اور آئی آئی ٹی دہلی کے درمیان مفاہمت نامے کا معاہدہ

4۔ ملاقات کے بعد ایک مشترکہ بیان جاری کیا گیا۔ موسمیاتی تبدیلی سے متعلق ایک الگ مشترکہ بیان بھی جاری کیا گیا۔

ابوظہبی
15 2023 جولائی